اخبار الرایہ

شمار نمبر 595

(15-اپریل-2026)

(عربی سے ترجمہ)

امریکہ: بیرونی طاقت اور اندرونی انتشار کے درمیان 2

امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکرات 6

آزادی ایک حقیقت ہے، نعرہ نہیں 10

ڈنمارک کے انتخابات: جمہوریت کا ایک اسکینڈل 12

یہودی وجود کے ساتھ ہمارا معرکہ ایک وجودی معرکہ ہے، مفادات یا قوم پرستانہ حدود کا جھگڑا نہیں 13

امریکہ اور یہودی وجود کی ایران کے خلاف جنگ اور ہرمجدون کی راہ! 15

چین غیر جانبدار نہیں ہے: سیاسی اسلام کو روکنے کے لیے ثالثی! 19

امت کے نوجوان: بکھری ہوئی توانائی سے خلافت قائم کرنے والی قوت تک 22

مسلمانوں کی جنگ ایک ہے اور ان کی صلح بھی ایک ہے 26

استعماری مغرب کو خلافت سے کس بات کا خوف ہے 27

اسلامی امت، انتشار اور بیداری کے درمیان 28

آج ہم جس تقسیم کا سامنا کر رہے ہیں وہ ہماری تقدیر نہیں، بلکہ ایک عارضی صورتحال ہے جسے ختم کیا جا سکتا ہے 29

ٹرمپ اور امریکی قیادت کا بکھراؤ 31

امریکہ اور یہودی وجود کی ایران کے خلاف جنگ اور سوڈان پر اس کے اثرات 33

شعور کے زلزلے اور یقین کے دردِ زہ کے درمیان: دنیا ایک نئے نظام کی دہلیز پر 37

مسلمانوں اور انسانیت کو جہالت، ظلم اور تشدد سے بچانے کا واحد راستہ 40

اے مسلمانو: بے شک تمہاری عزت اور وقار خلافت کے سائے میں پوشیدہ ہے، جسے قائم کرنے کے لیے حزب التحریر جدوجہد کر رہی ہے۔ اس نے خود کو اس عظیم مشن کے لیے وقف کر دیا ہے، اور اس کے شباب تمہارے درمیان موجود ہیں، جو تمہیں اپنی حمایت اور اپنے ساتھ مل کر جدوجہد کرنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ تو کیا کوئی ہے جو اس دنیا کی عزت اور آخرت کی کامیابی کے لیے، بیعتِ عقبہ ثانیہ جیسی بیعت کے ذریعے، نبوت کے نقشِ قدم پر خلافتِ راشدہ ثانیہ کے قیام کے لیے کوشش کرنے کے لیے تیار ہو؟! اس وقت سرمایہ دارانہ نظام کے حامل کفر کے علمبردار مغرب اور اس کی ناجائز اولاد، یہودی وجود کا خاتمہ ہو جائے گا، اور اسلام کا جھنڈا (رایۃ) بلندیوں پر لہرائے گا۔

امریکہ: بیرونی طاقت اور اندرونی انتشار کے درمیان

تحریر: استاد نبیل عبدالکریم

(ترجمہ)

قومیں ایسی اکائیاں نہیں ہوتیں جو کسی اچانک دھچکے سے زمین بوس ہو جائیں، اور نہ ہی وہ عموماً صرف اپنی سرحدوں پر گھات لگائے بیٹھے کسی دشمن کی وجہ سے گرتی ہیں۔ بلکہ، وہ تب بکھرتی ہیں جب ان کی بنیادیں اندر سے کھوکھلی ہو جاتی ہیں، اور جب وہ اپنی دفاعی طاقت کھونے سے پہلے اپنی یکجہتی اور ہم آہنگی کی صلاحیت کھو بیٹھتی ہیں۔ یہ حقیقت، جس کی تصدیق رومی سلطنت کے زوال سے لے کر سوویت یونین کے ٹوٹنے تک کے تاریخی تجربات سے ہوتی ہے، آج امریکہ کی حقیقت کا جائزہ لیتے وقت خود کو بڑی شدت سے منواتی ہے۔ وہ ملک جو آج بھی فوجی اور معاشی طاقت میں دنیا کی قیادت کر رہا ہے، وہ بیک وقت گہری داخلی دراڑوں کا اکھاڑا بنا ہوا نظر آتا ہے، جو اس کے سیاسی، سماجی اور معاشی ڈھانچے کو متاثر کر رہی ہیں۔

امریکہ کے لیے چیلنج اس کی بظاہر بیرونی طاقت میں کمی میں نہیں ہے، بلکہ اس طاقت اور اس کی داخلی حقیقت کے درمیان بڑھتی ہوئی خلیج میں ہے۔ یہاں ایک بنیادی سوال پیدا ہوتا ہے: کیا کوئی عالمی طاقت عالمی نظام کی قیادت جاری رکھ سکتی ہے جبکہ وہ بڑھتی ہوئی داخلی تھکن اور اپنی ہی اپنائی ہوئی ہر نظریاتی اساس کے گہرے تضاد کا شکار ہو؟

آیئے امریکہ کی بیرونی طاقت کے کچھ پہلوؤں کا جائزہ لیں۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ اب بھی واضح عالمی اثر و رسوخ برقرار رکھے ہوئے ہے، جو اس کے قیام سے لے کر اب تک جمع کی گئی فوجی، معاشی اور ثقافتی بنیادوں کا نتیجہ ہے۔ ان میں شامل ہیں:

عالمی فوجی بالادستی: یہ دنیا کی سب سے بڑی اور طاقتور ترین فوج کا حامل ہے، جس کا دفاعی بجٹ عالمی سطح پر سب سے زیادہ ہے، جس کا تخمینہ تقریباً 878.7 بلین ڈالر ہے۔

بین الاقوامی فوجی موجودگی: یہ دنیا بھر میں فوجی اڈوں کا ایک وسیع نیٹ ورک برقرار رکھتا ہے، جو اسے کسی بھی خطے میں فوری مداخلت کی صلاحیت فراہم کرتا ہے۔ یہ سیکیورٹی اتحادوں میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے، جیسے کہ دنیا کے طاقتور ترین فوجی اتحاد 'نیٹو' (NATO) کی قیادت کرنا۔

ڈالر کے ذریعے عالمی مالیاتی نظام پر غلبہ، جو زیادہ تر بین الاقوامی تجارت اور زرمبادلہ کے ذخائر میں استعمال ہوتا ہے۔ مزید برآں، مرکزی بینک اور کثیر القومی کارپوریشنز ٹیکنالوجی کے زیادہ تر شعبوں پر حاوی ہیں۔

اسٹریٹجک آبی گزرگاہوں اور طاقت کے توازن پر کنٹرول: یہ عالمی تجارتی راستوں کی حفاظت اور انہیں محفوظ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور عالمی توانائی کی حفاظت پر کنٹرول برقرار رکھتا ہے۔

چنانچہ، یہ مظاہر اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ امریکہ اب بھی تسلط اور بالادستی کے روایتی اور جدید دونوں ذرائع رکھتا ہے۔ اگرچہ یہ طاقت فی الحال زوال پذیر ہے نہ کہ ترقی پذیر، پھر بھی یہ سب سے آگے ہے۔ تاہم، یہ بیرونی طاقت اندرونی طور پر جمع ہونے والے چیلنجوں پر پردہ ڈال سکتی ہے، جو اس مرکزی خیال کو تقویت دیتی ہے کہ: بیرونی طاقت کا مطلب لازمی طور پر داخلی استحکام نہیں ہوتا۔

لہٰذا، اب ہم امریکہ کے داخلی انتشار کے کچھ مظاہر پیش کریں گے: شدید سیاسی پولرائزیشن (تقسیم)، جہاں سیاسی نظام ریپبلکن اور ڈیموکریٹک پارٹیوں کے درمیان ایک اَن دیکھی تقسیم کا سامنا کر رہا ہے۔ یہ تقسیم روز بروز اس کی اسٹریٹجک

تباہی کی گہرائی کو ظاہر کر رہی ہے، جس کا ثبوت قانون سازی کی گرتی ہوئی صلاحیت، بار بار کی حکومتی تالہ بندی (شٹ ڈاؤن)، تعمیری اشرافیہ کی عدم موجودگی، اور اداروں پر اعتماد میں کمی سے ملتا ہے۔ پیو ریسرچ سینٹر (Pew Research Center) کے حالیہ جائزوں سے پتہ چلتا ہے کہ کانگریس پر اعتماد تاریخی طور پر نچلی ترین سطح پر آ گیا ہے۔

معاشی خلیج کے بڑھنے کا تو ذکر ہی الگ ہے۔ فیڈرل ریزرو کی رپورٹیں بتاتی ہیں کہ دولت کا ایک بڑا حصہ صرف 1 فیصد آبادی کے ہاتھوں میں مرکوز ہو کر رہ گیا ہے۔ اس سے متوسط طبقہ کمزور ہو رہا ہے جس کی قوتِ خرید مسلسل ختم ہوتی جا رہی ہے۔ اس طبقے کا معاشی استحکام ختم ہوتا جا رہا ہے، کیونکہ رہائش، تعلیم اور صحت سمیت زندگی گزارنے کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے مقابلے میں حقیقی اجرتیں منجمد ہو کر رہ گئی ہیں۔ حال ہی میں مسلح تشدد اور جرائم کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، جبکہ یہ ملک بیک وقت قومی قرضوں، بلند افراطِ زر، بیرونِ ملک فوجی و سیاسی پھیلاؤ اور جدوجہد کرتی ہوئی امریکی عوام کی آنکھوں کے سامنے خطیر رقم کے بے دریغ اخراجات جیسے مسائل سے نبرد آزما ہے۔ یہ صورتحال ان جنگوں کے نتائج کی وجہ سے مزید ابتر ہو گئی ہے، جس کے نتیجے میں زندگی گزارنے کی قیمتوں میں اضافہ اور بھاری ٹیکس عائد ہوئے ہیں۔ امریکی عوام ان مسائل پر پیسہ خرچ کرنے کو مسترد کرتے ہیں جنہیں وہ غیر متعلقہ سمجھتے ہیں؛ جب بات بھوک اور اپنی خوشحالی کے بڑے حصے کے ختم ہونے کی آتی ہے، تو انہیں امریکہ کی عظمت سے کوئی سروکار نہیں رہتا۔

جو چیز اس رجحان کو مزید خطرناک بناتی ہے وہ اس کا بیک وقت بیرونِ ملک ایک زبردست طاقت کے طور پر ابھرنا ہے، جو ریاست کے ظاہری ڈھانچے اور اس کی اصل حالت کے درمیان ایک خلیج پیدا کر رہا ہے۔ بالآخر، بڑی طاقتوں کو محض ان کی ظاہری طاقت کی نمائش سے نہیں سمجھا جا سکتا، بلکہ ان کے داخلی ڈھانچے کے تجزیے اور خود کفالت کی صلاحیت کے جائزے سے سمجھا جاتا ہے۔

امریکہ کا موجودہ تجربہ اس تضاد کی واضح طور پر عکاسی کرتا ہے: ایک ایسی بیرونی طاقت جو اب بھی بین الاقوامی نظام کی کنجیوں پر قابض ہے، جبکہ داخلی طور پر وہ انتشار اور اعتماد کے مکمل خاتمے کے بوجھ تلے سسک رہا ہے۔

اصل سوال یہ نہیں ہے کہ: کیا امریکہ آج مضبوط ہے؟ اس کے بجائے سوال یہ ہے کہ: کیا یہ داخلی تجدید کی صلاحیت رکھتا ہے؟ درحقیقت، یہ اپنے آپ کو اندر سے بدلنے کی صلاحیت نہیں رکھتا، جس کی وجہ اس کے سرمایہ دارانہ نظریے کی فطری ناکامی ہے، جو اپنے اندر خود اپنی تباہی کے بیج چھپائے ہوئے ہے، اور ساتھ ہی تعمیری اشرافیہ کی عدم موجودگی اور تباہ کن گروہوں کا ظہور ہے۔ لہٰذا، آج کی دنیا اس حکمران سرمایہ دارانہ نظام کو قابلِ عمل تسلیم نہیں کرتی۔

آج دنیا کو ایک ایسے درست نظریے کی ضرورت ہے جو عدل و انصاف، مساوات اور ہمدردی کی بنیادوں پر استوار ہو، جس کی سرمایہ دارانہ نظام میں مکمل کمی ہے۔ اسلام ایک آئیڈیالوجی (نظریہ) کے طور پر پوری دنیا کا نظام چلانے کی مکمل اہلیت رکھتا ہے؛ یہ سرمایہ دارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے، انصاف کے قیام، ہر حق دار کو اس کا حق دینے، روشنی اور رحمت پھیلانے، اور انسانیت کو اس کا وہ کھویا ہوا وقار واپس دلانے کی صلاحیت رکھتا ہے جو افادیت پسندی اور سرمایہ دارانہ ہتھکنڈوں نے اس سے چھین لیا ہے۔

اسلامی نظریہ ایک مکمل ضابطہ ہے جو نفاذ کے لیے بالکل تیار ہے، لیکن اسے عملی شکل دینے کے لیے ایک مخلص قیادت درکار ہے۔ حزب التحریر خلافتِ راشدہ کے قیام کے ذریعے اس عظیم مقصد کے حصول کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے۔ اس جماعت نے اپنے مخلص مردوں اور عورتوں کو تیار کیا ہے، جبکہ اس کا طریقہ کار براہِ راست کتاب اللہ اور سنتِ نبوی ﷺ سے اخذ کیا گیا ہے۔ یہ جماعت ہمارے عظیم المرتبت رسول ﷺ کے نقشِ قدم پر چل رہی ہے اور آپ ﷺ کی دی ہوئی اس خوشخبری کے پورا ہونے پر پختہ یقین رکھتی ہے کہ:

«ثُمَّ تَكُونُ خِلَافَةً عَلَى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ» ترجمہ: "پھر نبوت کے نقشِ قدم پر خلافت ہو گی"۔ (مسند احمد)

اسی طرح حزب التحریر کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اپنے رسول ﷺ سے کیے گئے اس وعدے کی تکمیل پر بھی کامل بھروسہ ہے کہ اسلام پوری دنیا پر حکمرانی کرے گا۔ حضرت تمیم داریؓ سے مروی ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

«لَيَبْلُغَنَّ هَذَا الأَمْرُ مَا بَلَغَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ، وَلَا يَتْرُكُ اللهُ بَيْتَ مَدَرٍ وَلَا وَبَرٍ إِلَّا أَدْخَلَهُ اللهُ هَذَا الدِّينَ، بِعِزِّ عَزِيزٍ أَوْ بِذُلِّ ذَلِيلٍ، عِزّاً يُعِزُّ اللهُ بِهِ الإِسْلَامَ، وَذُلّاً يُذِلُّ اللهُ بِهِ الكُفْرَ» ترجمہ: "یہ معاملہ (دین) وہاں تک پہنچے گا جہاں تک رات اور دن پہنچتے ہیں، اور اللہ مٹی کا کوئی گھر یا بالوں کا بنا ہوا کوئی خیمہ (شہر یا دیہات) ایسا نہیں چھوڑے گا جس میں وہ اس دین کو داخل نہ کر دے، کسی کو عزت دے کر یا کسی کو ذلیل کر کے؛ ایک ایسی عزت جس کے ذریعے اللہ اسلام کو غلبہ عطا فرمائے گا، اور ایسی ذلت جس کے ذریعے اللہ کفر کو رسوا کرے گا"۔ (مسند احمد)

امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکرات

تحریر: استاد اسد منصور

(ترجمہ)

جب ہم ایران کے خلاف امریکہ کی جارحیت اور اس کے عہدیداروں بالخصوص ٹرمپ کے بیانات کو دیکھتے ہیں، چاہے وہ جارحیت روکنے، اسے دوبارہ شروع کرنے کی دھمکی دینے یا جنگ بندی کے اعلان کے حوالے سے ہوں، تو اس سب کو جارحیت کے پیچھے چھپے اس کے مقصد کو پہچاننے کے تناظر میں سمجھنا ضروری ہے۔ تمام اقدامات اسی مقصد کے حصول کے لیے کیے جاتے ہیں۔ ایران کے لیے، یہ مقصد اسے امریکہ کے زیر اثر رہنے والی ریاست (جو آزادی کی کوشش کر رہی ہے) سے بدل کر ایک ایسی تابع ریاست بنانا ہے جس پر امریکہ اپنی شرائط مسلط کرے اور اپنی خواہشات کو عملی جامہ پہنائے۔ جہاں تک پورے خطے کا تعلق ہے، تو مقصد اس کے اسٹریٹیجک محل وقوع کی وجہ سے اس پر اپنا کنٹرول مضبوط کرنا، استعماری مقاصد کے تحت اس کے وسائل لوٹنا، اس کے دوبارہ عروج اور آزادی (تحریر) کو روکنا، اور اس کی خلافت کے قیام کو ناکام بنانا ہے، کیونکہ خلافت ایک ایسا عالمگیر نظریہ رکھتی ہے جو سرمایہ دارانہ نظام کو چیلنج کرتا ہے۔ اس کا مقصد یہودی وجود کو مضبوط کرنا بھی ہے تاکہ اسے ان مقاصد کے حصول کے لیے ایک ناپاک آلے کے طور پر استعمال کیا جاسکے۔

جب امریکہ ایران کے خلاف 40 روزہ جنگ کے دوران اپنا مقصد حاصل کرنے میں ناکام رہا، تو اس نے پاکستانی منصوبے کی آڑ میں دو ہفتوں کی جنگ بندی کی درخواست کی، جس کے بدلے میں ایران آبنائے ہرمز کو کھولے گا۔ اس طرح، اس نے اپنا مقصد صرف اس آبنائے کو کھولنے تک محدود کر دیا، جو اس کی ایران کے خلاف جارحیت سے پہلے ہی کھلا ہوا تھا! امریکہ نے اس وقت جنگ بندی کا سہارا لیا جب ایران نے اس کے 15 نکاتی منصوبے کو مسترد کر دیا، جو 24 مارچ 2016 کو پاکستان ہی کے ذریعے پیش کیا گیا تھا۔ ایران نے فائرنگ کے سائے تلے مذاکرات کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ اس منصوبے میں اس کے ایٹمی پروگرام کا مکمل خاتمہ، نطنز، فردو اور اصفہان کے ایٹمی ری ایکٹرز کی بندش، اپنے 60 فیصد افزودہ یورینیم کے ذخیرے کو ایٹمی توانائی کی عالمی ایجنسی (IAEA) کے حوالے کرنا، بیرون ملک سے پرامن مقاصد کے لیے یورینیم کی درآمد، ایرانی سرزمین پر یورینیم کی افزودگی پر پابندی، اس کے ایٹمی پروگرام اور سپلائی کے ذرائع کا آئی اے ای اے (IAEA) کے ذریعے سخت معائنہ، اس کے بیلسٹک میزائل اور ڈرون پروگراموں کی روک تھام، لبنان میں حزب اللہ جیسے علاقائی گماشتوں کی حمایت کا خاتمہ، آبنائے ہرمز کو آزاد بحری گزرگاہ کے طور پر برقرار رکھنا، اور یہودی وجود کے بقا کے حق کو تسلیم کرنا شامل تھا۔ ان تمام شرائط اور فائرنگ کے سائے تلے مذاکرات کو ایران کے لیے توہین آمیز سمجھا گیا۔

اس کے نتیجے میں جنگ بندی ہوئی اور مطالبات میں نرمی آئی۔ تاہم، یہ مطالبات مذاکرات کا مرکز رہیں گے، جو کہ مطالبات کی بلند ترین سطح کی نمائندگی کرتے ہیں۔ اس کے بعد امریکہ ان میں سے تمام یا زیادہ تر کو حاصل کرنے کے امکان کا جائزہ لے گا۔ اگر وہ ان مطالبات کو مسلط کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے، تو ایران طاقت کے ان عناصر سے محروم ہو جائے گا جو اسے ایک علاقائی طاقت بنائے ہوئے ہیں، اور وہ اپنی آزادی کا موقع کھو دے گا، یوں وہ ایک تابع ریاست بن جائے گا۔

جب جنگ بندی کا اعلان ہوا، تو دونوں فریقین کے درمیان 11 اپریل 2026 کو پاکستان میں مذاکرات شروع ہوئے۔ یہ ایران کے لیے ایک کامیابی ہے، کیونکہ اس نے حملوں کے سائے تلے مذاکرات کرنے سے انکار کر دیا تھا۔ جنگ بندی کا مقصد مذاکرات کا انعقاد ہے، نہ کہ مستقل طور پر جارحیت کا خاتمہ۔

جب امریکہ مذاکرات کے لیے امریکی نائب صدر کی سربراہی میں ایک اعلیٰ سطح کا وفد بھیجتا ہے، تو یہ معاملے کی سنگینی اور اس کے اس عزم کو ظاہر کرتا ہے کہ اگر اس کی شرائط، یا ان میں سے اہم ترین شرائط پوری نہ ہوئیں، تو وہ جارحیت دوبارہ

شروع کر دے گا۔ پھر امریکی نائب صدر مذاکرات کے دوران ایرانی وفد کو براہِ راست دھمکیاں دیتے ہیں، وہ امریکہ میں دوسرے بڑے فیصلے ساز کے طور پر کام کرتے ہیں اور صدر کی نمائندگی کرتے ہیں، گویا خود صدر ہی مذاکرات کر رہے ہوں۔ امریکی انتظامیہ کے اندر اس بات پر اتفاقِ رائے پایا جاتا ہے کہ اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو جارحیت جاری رکھی جائے گی، اور امریکی نائب صدر نے ہمیشہ جنگ کے مقابلے میں مذاکرات کو ترجیح دی ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مذاکرات کی کوئی بھی ناکامی امریکہ کو دوبارہ جارحیت کی طرف لے جائے گی۔ اس کے صدر، ٹرمپ نے 10 اپریل 2026 کو دھمکی دیتے ہوئے کہا، "ہم دوبارہ سے آغاز (ری سیٹ) کر رہے ہیں۔ ہم بحری جہازوں کو بہترین گولہ بارود اور اب تک کے بنائے گئے بہترین ہتھیاروں سے لاد رہے ہیں... اور اگر ہمارا کوئی معاہدہ نہ ہوا، تو ہم انہیں استعمال کریں گے، اور ہم انہیں بہت مؤثر طریقے سے استعمال کریں گے"۔

جنگ بندی (truce) کی حالت، جنگ کی حالت کے خاتمے اور مستقل امن معاہدے پر دستخط کرنے سے مختلف ہوتی ہے۔ جنگ بندی کسی بھی لمحے ٹوٹ سکتی ہے، خواہ وہ کسی ایک فریق کی جانب سے خلاف ورزی کی وجہ سے ہو یا دونوں کی طرف سے۔

ایران کی شرائط، جیسا کہ درج ہیں، تعداد میں دس ہیں: ایران کے ساتھ جارحیت نہ کرنے کی امریکی ضمانت، آبنائے ہرمز پر ایران کا مسلسل کنٹرول، یورینیم کی افزودگی کی قبولیت، بنیادی پابندیوں کا خاتمہ، ثانوی پابندیوں کا خاتمہ، اس کے خلاف اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کا خاتمہ، بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے بورڈ آف گورنرز کی جانب سے ایران کے خلاف تمام قراردادوں کا خاتمہ، جنگی نقصانات کے لیے ایران کو معاوضے کی ادائیگی، خطے کے تمام اڈوں اور مقامات سے امریکی جنگی افواج کا انخلاء، اور لبنان سمیت تمام محاذوں پر دشمنی کا خاتمہ۔

تاہم، ایران نے واضح طور پر یہ نہیں کہا کہ وہ امریکہ کی شرائط کو مسترد کرتا ہے۔ اس کے بجائے، اس نے امریکی شرائط کا ذکر کیے بغیر اپنی شرائط پیش کیں، جیسے وہ انہیں امریکی شرائط کے پہلو بہ پہلو رکھ رہا ہو، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اگر اس کی اپنی شرائط مان لی جائیں تو وہ ان میں سے کچھ یا تمام کو قبول کرنے، یا انہیں ترمیم شدہ شکل میں تسلیم کرنے کے لیے تیار ہے۔

دونوں فریقین کے درمیان براہِ راست مذاکرات کے دو دور منعقد ہوئے، جن کی میزبانی پاکستان نے کی۔ ایرانی میڈیا نے بات چیت میں پیش رفت کا اعلان کیا، اور بتایا کہ امریکہ نے ایران کے منجمد فنڈز واگزار کرنے اور بیروت کے جنوبی

مضافات میں یہودی وجود کے حملوں کو روکنے پر اتفاق کیا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ دریائے لیطانی کا جنوبی علاقہ جنگ بندی سے خارج تھا، کیونکہ یہودی وجود وہاں ایک بفر زون (حائل علاقہ) قائم کرنا چاہتا ہے۔ اس زون کے بارے میں تب مذاکرات ہوں گے جب لبنانی وفد 14 اپریل 2026 کو واشنگٹن میں امریکی سرپرستی میں یہودی وجود کے وفد سے ملے گا۔

اس کے بعد، 12 اپریل 2026 کی صبح مذاکرات کا تیسرا دور ہوا۔ امریکی نائب صدر وینس نے اعلان کیا کہ مذاکرات کسی امن معاہدے کے بغیر ختم ہو گئے کیونکہ ایرانیوں نے جوہری ہتھیار تیار نہ کرنے سے متعلق امریکی شرائط کو مسترد کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا، "سادہ سی حقیقت یہ ہے کہ ہمیں ایک حتمی عزم دیکھنے کی ضرورت ہے کہ وہ جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے، اور وہ ان آلات کی تلاش نہیں کریں گے جو انہیں تیزی سے جوہری ہتھیار بنانے کے قابل بنا دیں" اور انہوں نے اس ناکامی کو "امریکہ کے مقابلے میں ایران کے لیے کہیں زیادہ بری خبر" قرار دیا۔

اسی دوران، 12 اپریل 2026 کو ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایکس (ٹویٹر) پر پوسٹ کیا۔ انہوں نے لکھا: "اس سفارتی عمل کی کامیابی کا انحصار مخالف فریق کی سنجیدگی اور نیک نیتی، حد سے زیادہ مطالبات اور غیر قانونی درخواستوں سے گریز، اور ایران کے جائز حقوق اور مفادات کی قبولیت پر ہے"۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ امریکہ اپنے ان 15 مطالبات پر مذاکرات کر رہا تھا جنہیں ایران مبالغہ آمیز سمجھتا ہے، اور یہ کہ کسی بھی لمحے امریکی جارحیت کا دوبارہ آغاز ممکن ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ امریکہ ایران کو ایک تابع ریاست بنانے کے اپنے مقصد کو حاصل کرنے پر بضد ہے۔ امریکہ کی کامیابی یا ناکامی کا انحصار ایرانیوں کے اپنے موقف پر استقامت اور لڑنے کے لیے ان کی آمادگی پر ہے۔

مجموعی صورتحال پر نظر ڈالیں تو واضح ہوتا ہے کہ خطے میں امریکہ کی موجودگی کو قبول کیا جا رہا ہے، جس کی وجہ سے اس کے ساتھ مذاکرات ہو رہے ہیں، اور فلسطین پر قابض یہودی وجود کی موجودگی کو بھی تسلیم کیا جا رہا ہے، جس سے اس کے ساتھ بھی بات چیت کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ تاہم، بنیادی اصول امریکہ کے ساتھ مذاکرات کرنا نہیں، بلکہ اسے خطے سے نکالنے اور بحر اوقیانوس کے پار واپس دھکیلنے کے لیے اس کے خلاف جنگ جاری رکھنا ہے، اور یہودی وجود کے خلاف اس کے مٹنے تک لڑائی جاری رکھنا ہے۔ اس کے لیے ایک ایسی ریاست کا قیام ضروری ہے جو ایک ایسے نظریے پر مبنی ہو جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے کلمے کی سربلندی کے لیے جہاد کرے، یعنی نبوت کے نقشِ قدم پر خلافتِ راشدہ۔

آزادی ایک حقیقت ہے، نعرہ نہیں

آج عالمِ اسلام جن مسائل کا شکار ہے، جیسے کہ بے روزگاری کی بلند شرح، مہنگائی، گرتی ہوئی کرنسی کی قدر اور دولت کی شدید غیر مساوی تقسیم، یہ سب اس سرمایہ دارانہ نظام کے نفاذ کا براہِ راست نتیجہ ہے، جو نہ تو امت کے عقائد سے میل کھاتا ہے اور نہ ہی اس کے مفادات سے۔ جب عوامی املاک کو فروخت کیا جاتا ہے، بنیادی ضرورت کی اشیاء کی نجکاری کر دی جاتی ہے، اور شرعی احکام کے فریم ورک کے اندر مناسب حفاظتی اقدامات کے بغیر منڈیوں کو کھول دیا جاتا ہے، تو معیشت کمزور ہو جاتی ہے اور سیاسی فیصلے بیرونی طاقتوں کے غلام بن جاتے ہیں۔

معاشی آزادی کو نبوت کے نقشِ قدم پر خلافتِ راشدہ کے قیام سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔ اسلامی معاشی نظام تب تک مکمل طور پر نافذ نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسے ایک ایسی ریاست کے تحت نافذ نہ کیا جائے جو اسے ایک جامع نظریے کے طور پر اپنائے، جہاں قانون سازی کی حاکمیت صرف شریعت کی ہو اور اقتدار امت کا ہو۔ سرمایہ دارانہ نظام کے اندر رہ کر جزوی اصلاحات کا اثر محدود ہی رہتا ہے، کیونکہ اس نظام کی بنیاد ہی ناقص ہے۔

اسلام کے نفاذ والی ریاست کے قیام کا مطلب معیشت کے کردار کی از سرِ نو تعریف کرنا ہے۔ اسے محض تجریدی اعداد و شمار کی بنیاد پر مجموعی قومی آمدنی میں اضافے کا ذریعہ بنانے کے بجائے، لوگوں کے معاملات کی دیکھ بھال اور ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کا ذریعہ بنانا ہے، تاکہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے قابل ہو سکیں۔

اسلام میں، ریاست ہر فرد کی بنیادی ضروریات: خوراک، لباس، رہائش اور سلامتی کی ضمانت دینے کی ذمہ دار ہے۔ یہ محض نعروں سے حاصل نہیں ہوتا، بلکہ عوامی املاک کی صحیح پاسبانی، اجارہ داریوں کی روک تھام اور سرمایہ کاری کو ایسے انداز میں چلانے سے ہوتا ہے جو سٹہ بازوں (Speculators) کے بجائے معاشرے کی خدمت کرے۔

آج کی جنگ محض اعداد و شمار اور بجٹ کی جنگ نہیں ہے، بلکہ یہ تصورات کی جنگ ہے۔ کیا دولت اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی شریعت کے مطابق انصاف حاصل کرنے کا ذریعہ ہے، یا غریبوں کے استحصال کے ذریعے منافع کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کا ایک آلہ؟ کیا ریاست لوگوں کے معاملات کی ذمہ دار نگہبان ہے، یا محض آزاد منڈی (Free Market) کو ریگولیٹ کرنے والا ایک ادارہ؟ ان سوالات کے جوابات ہی پورے نظام کی اصل نوعیت کا تعین کرتے ہیں۔

جب امت اپنے اسلامی معاشی نظام کو بحال کر لیتی ہے، تو وہ اپنی سیاسی آزادی بھی دوبارہ حاصل کر لیتی ہے۔ جب اس کی فیصلہ سازی قرضوں کے دباؤ اور قرض دہندگان کی عائد کردہ شرائط سے آزاد ہو جاتی ہے، تو وہ حقیقی خارجہ پالیسیاں بنانے، اسٹریٹجک منصوبوں کی مالی معاونت کرنے اور ایک ہی مضبوط ریاست کے فریم ورک کے اندر اپنے تمام وسائل کو متحد کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔ تب ہی آزادی محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک حقیقت بنتی ہے۔

ڈنمارک کے انتخابات: جمہوریت کا ایک اسکینڈل

ڈنمارک میں حالیہ پارلیمانی انتخابات اختتام پذیر ہو چکے ہیں، اور حسبِ معمول، مسلمان میڈیا کی بحثوں اور مباحثوں کا مرکز بنے رہے۔ گزشتہ مہینوں کے دوران انتخابی مہمات میں یہ بات واضح طور پر نظر آئی کہ مسلم ممالک کے پناہ گزینوں اور عام طور پر مسلمانوں کے خلاف توجہ اور منظم پروپیگنڈے میں اضافہ ہوا ہے۔ عوامی گفتگو میں "اپنے وطن واپسی" اور "الٹی ہجرت" (reverse migration) جیسی اصطلاحات عام ہو گئیں۔

اخبار الرایہ: انتخابات کے دوران، ڈینش سیاست دانوں کو کئی اسکینڈلز کا سامنا کرنا پڑا۔ ان میں ایک بڑی لبرل جماعت، لبرل الائنس پارٹی کے سربراہ کی جانب سے کوکین کے استعمال کا اعتراف بھی شامل تھا۔ یہ بھی انکشاف ہوا کہ ایک اور سیاست دان، جس نے عام طور پر تارکینِ وطن اور خاص طور پر مسلمانوں کے خلاف نفرت پھیلا کر ہزاروں ذاتی ووٹ حاصل کیے، وہ خود منشیات کی اسمگلنگ اور اس کے استعمال میں ملوث تھا۔

یہ سب اس کے علاوہ ہے جو مغرب میں عوامی مقبولیت (populist) کی انتخابی مہمات کی ایک امتیازی پہچان بن چکا ہے: یعنی جھوٹ، مسلمانوں کے خلاف تعصب اور نسل پرستی۔ جہاں یہ سیاست دان ملک سے نام نہاد "مجرموں" کی بے دخلی پر بحث کرتے ہیں، وہیں یہ امر انتہائی مضحکہ خیز ہے کہ خود بہت سے امیدوار مجرمانہ سرگرمیوں اور دھوکہ دہی میں ملوث ہیں۔

سیکولر مغربی اقدار اور نظام ناکام ہو چکے ہیں، اور وہ اپنے معاشروں کو کسی بامعنی سمت میں رہنمائی فراہم کرنے کے بھی اہل نہیں ہیں۔ اس کا واحد قابلِ عمل متبادل اسلام کا نظام ہے، جسے امتِ مسلمہ کو پوری دنیا میں ایک جامع نظامِ حیات کے طور پر اپنانا چاہیے، ان تمام لوگوں کے لیے جو خلوصِ دل سے ایک نئی راہ کے متلاشی ہیں۔

یہودی وجود کے ساتھ ہمارا معرکہ ایک وجودی معرکہ ہے، مفادات یا قوم پرستانہ حدود کا جھگڑا نہیں

اے مسلمانو! یہودی وجود کے ساتھ ہمارا معرکہ نہ تو مفادات کا ٹکراؤ ہے اور نہ ہی قوم پرستانہ سرحدوں کا جھگڑا، بلکہ یہ ایک وجودی معرکہ ہے جو تب تک ختم نہیں ہو گا جب تک اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا وعدہ پورا نہ ہو جائے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿فَإِذَا جَاءَ وَعْدُ الْآخِرَةِ لِيَسُوءُوا وُجُوهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوهُ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَلِيُتَبِّرُوا مَا عَلَوْا تَتْبِيراً﴾

"پھر جب دوسرے وعدے کا وقت آیا (تو ہم نے دوسرے دشمنوں کو تم پر مسلط کیا) تاکہ وہ تمہارے چہرے بگاڑ دیں اور مسجد (بیت المقدس) میں اسی طرح داخل ہو جائیں جس طرح پہلی بار داخل ہوئے تھے، اور جس چیز پر ان کا ہاتھ پڑے اسے پوری طرح تباہ کر دیں۔" (سورۃ الاسراء:7)

یہ معرکہ تب تک ختم نہیں ہو گا جب تک رسول اللہ ﷺ کی یہ خوشخبری پوری نہ ہو جائے:

«لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُونَ الْيَهُودَ، فَيَقْتُلُهُمْ الْمُسْلِمُونَ، حَتَّى يَخْتَبِئَ الْيَهُودِيُّ مِنْ وَرَاءِ الْحَجَرِ وَالشَّجَرِ، فَيَقُولُ الْحَجَرُ أَوْ الشَّجَرُ: يَا مُسْلِمُ يَا عَبْدَ اللَّهِ، هَذَا يَهُودِيٌّ خَلْفِي فَتَعَالَ فَاقْتُلْهُ، إِلَّا الْغَرْقَدَ فَإِنَّهُ مِنْ شَجَرِ الْيَهُودِ»

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہو گی جب تک مسلمان یہودیوں سے جنگ نہ کریں، پس مسلمان انہیں قتل کریں گے یہاں تک کہ یہودی پتھر یا درخت کے پیچھے چھپے گا تو پتھر یا درخت پکارے گا: اے مسلمان! اے اللہ کے بندے! یہ میرے پیچھے یہودی ہے، آؤ اور اسے قتل کر دو، سوائے 'غرقد' کے کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے۔" (صحیح مسلم)

حکمران اس معرکے کی ناگزیریت کو نظر انداز کرنے کی جتنی بھی کوشش کریں، یہودی وجود کے ساتھ سیکیورٹی معاہدوں اور دیگر سودے بازیوں میں جتنی بھی جلدی دکھائیں، یا اہل فلسطین کی مدد و نصرت سے غفلت برتیں، یا مسلم سرزمینوں (جیسے شام) پر بار بار ہونے والی جارحیت سے چشم پوشی کریں، اس سے اس معرکے کی وجودی نوعیت یا اس کے حتمی ہونے کی حقیقت تبدیل نہیں ہوتی۔

جہاں تک یہودی وجود کا تعلق ہے، وہ مسلمانوں کے خلاف اپنی جدوجہد کو ایک وجودی جنگ کے طور پر ہی لڑ رہا ہے، جس کا مقصد مسلمانوں کی قوت کے ذرائع کو ختم کرنا اور ان کے علاقوں پر اپنا غلبہ مسلط کرنا ہے۔ وہ دریائے فرات سے نیل تک اپنے توسیعی عزائم کا کھلم کھلا اعلان کرتا ہے، مسجدِ اقصیٰ کو شہید کر کے اس کے ملبے پر اپنی خود ساختہ ہیکل (ٹیمپل) تعمیر کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اور ان مختلف گروہوں اور دھڑوں کی حمایت کرتا ہے جو مسلم سرزمین کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے میں مددگار ثابت ہوں۔ ان تمام حقائق کے بعد، کیا اس معرکے کی حقیقت اور اس کے یقینی ہونے سے غافل رہنا دانش مندی ہے؟

یہودی وجود ایک انتہائی کمزور ڈھانچہ ہے جو مسلمانوں کی افواج کے سامنے ایک سچی اور مخلصانہ مقابلے کی تاب نہیں لا سکے گا۔ "آپریشن طوفانِ اقصیٰ" نے اس کی اپنی کمزوری کو پہلے ہی ثابت کر دیا ہے، جیسا کہ امریکہ نے اسے فراہم کردہ اپنی بھرپور حمایت کی حد سے اس کی کمزوری کو ظاہر کیا ہے، اور یہ وجود کسی ایسی نظریاتی ریاست کے سامنے ہرگز نہیں ٹک سکے گا جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حاکمیت کو قائم کرے، اس کے دین کی سربلندی کے لیے جنگ لڑے، اور جس کے عوام اللہ کی راہ میں جہاد اور شہادت سے محبت کرتے ہوں۔

امریکہ اور یہودی وجود کی ایران کے خلاف جنگ اور ہر مجدون کی راہ!

تحریر: انجینئر حسب اللہ النور-ولایہ سوڈان

(ترجمہ)

امریکیوں کے نزدیک یہ ایک مقدس صلیبی جنگ ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ خدا "کفار" کے خاتمے کے لیے اس جنگ میں ان کی مدد کر رہا ہے تاکہ یوم قیامت کی راہ ہموار ہو سکے، جس سے پہلے ہر مجدون (Armageddon) کی عظیم جنگ کا ہونا لازمی ہے۔ فوجی کمانڈروں نے فوجی بیرکوں میں جمع اپنے سپاہیوں سے اسی انداز میں خطاب کیا اور ان آیات کی تلاوت کی جنہیں وہ بائبل (انجیل) کہتے ہیں۔ امریکہ کی پچاس سے زائد فوجی بیرکوں میں یہی واقعات دہرائے گئے، جہاں انہوں نے اشارہ دیا کہ یہ جنگ "مکمل طور پر خدا کے الٰہی منصوبے کا حصہ" اور "مکاشفہ کی کتاب" (Book of Revelation) کی پیشین گوئیوں کی تکمیل ہے، اور یہ کہ "صدر ٹرمپ کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے ایران میں ہر مجدون کی آگ بھڑکانے اور زمین پر ان کی واپسی کی نشاندہی کے لیے منتخب کیا ہے"۔ امریکی ملٹری ریلیجئس فریڈم فاؤنڈیشن (MRFF) نے درجنوں فوجیوں اور افسران کی گواہیوں کو دستاویزی شکل دی ہے جنہوں نے اپنے یونٹس میں انتہا پسندانہ مذہبی گفتگو کی شکایت کی ہے۔

یہ رجحان کوئی الگ تھلگ نہیں ہے، اور نہ ہی یہ کسی محدود گروہ یا گمنام افراد تک محدود ہے۔ اس کے بجائے، یہ امریکی معاشرے کے کئی طبقات میں بڑے پیمانے پر جڑیں پکڑ رہا ہے۔ امریکی محکمہ محنت کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا گیا ہے، جہاں سیکرٹری لوری شاویز-ڈی ریمر، ہیگستھ سے متاثر ہو کر ماہانہ دعائیہ اجتماعات منعقد کرتی ہیں۔ اسی طرح، امریکی سیاستدان اور رکن کانگریس لنڈسے گراہم نے 28 فروری 2026 کو، جب ایران پر حملہ شروع ہوا، ایکس (ٹویٹر) پر پوسٹ کیا: "میں نے ابھی صدر ٹرمپ کی 8 منٹ کی تقریر دوبارہ سنی ہے، جس میں وہ موجودہ صورتحال کی منظر کشی کر رہے ہیں اور ایرانی عوام پر زور دے رہے ہیں کہ وہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں"۔ ان کا کہنا تھا کہ "ان کی یہ تقریر تاریخ میں مشرق وسطیٰ میں ایک ہزار سال کی سب سے تاریخی تبدیلی کے محرک کے طور پر یاد رکھی جائے گی،" جو کہ جی اٹھنے کے بعد مسیح کی واپسی کی طرف اشارہ ہے۔

جمعہ 20 فروری کو نشر ہونے والے قدامت پسند امریکی صحافی ٹکر کارلسن کے ساتھ ایک انٹرویو میں، یہودی وجود کے لیے امریکی سفیر مائیک ہکابی نے دعویٰ کیا کہ یہودیوں کا دریائے نیل سے دریائے فرات تک پھیلی ہوئی زمین پر بائبلی حق ہے، اور عہد نامہ قدیم کی "کتاب پیدائش" (Book of Genesis) میں موجود اصل دستاویز کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے مزید کہا کہ "اگر وہ یہ سب لے لیں تو یہ بالکل ٹھیک ہو گا"۔ مشہور ناول سیریز "لیفٹ بیہائنڈ" (Left Behind) کا اثر، جس کی 6 کروڑ 50 لاکھ سے زیادہ کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں، یہودی وجود، جنگ اور دنیا کے خاتمے کے بارے میں امریکی ایونجلیکل تصورات کو تشکیل دینے میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

نومبر 2022 میں پیو ریسرچ سینٹر کے ایک سروے سے معلوم ہوا کہ 39 فیصد امریکی بالغوں کا خیال ہے کہ انسانیت آخری ایام (End Times) میں جی رہی ہے، اور یہ تعداد سفید فام ایونجلیکل پروٹسٹنٹ کے درمیان 63 فیصد تک پہنچ جاتی ہے (الجزیرہ، 4 مارچ 2026)۔ ریپبلکن رکن کانگریس اینڈی اوگلز نے 9 مارچ 2026 کو پوسٹ کیا: "مسلمانوں کا امریکی معاشرے سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ کثرت پسندی (Pluralism) ایک جھوٹ ہے"۔ نیتن یاہو نے بھی ہفتہ کی شام 14 مارچ 2026 کو ایک پریس کانفرنس میں بیان دیا کہ، "میرا خیال ہے کہ ہم سب کو احساس ہے کہ بالآخر ہم آسمانی بادشاہت تک پہنچ جائیں گے، اور ہم مسیح کی واپسی کی تیاری کے مرحلے تک پہنچیں گے، اور ہم اس عظیم روحانی اور مادی طاقت کی بدولت اپنا مستقبل محفوظ بنا سکتے ہیں،" جس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ موجودہ تصادم "قیامت کی ایک ایسی جنگ ہے جو مشرق وسطیٰ کا نقشہ دوبارہ ترتیب دے گی"۔

اسلام کے خلاف اس مہم کی قیادت کرنے والا کوئی صحافی، سٹریٹیجک مفکر یا کوئی گمنام سیاست دان نہیں ہے، بلکہ وہ امریکی وزیرِ جنگ ہے، جس کا پورا جسم صلیبی علامات کے نقش و نگار (ٹیٹوز) سے بھرا ہوا ہے، اور جس نے اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت انگیز تحریریں لکھی اور باتیں کی ہیں۔ ہم اس کی تحریروں اور بیانات سے کچھ ایسے اقتباسات پیش کریں گے جو اس دشمنی کی عکاسی کرتے ہیں۔ اپنی کتاب "امریکن کروسیڈ: ہماری آزادی کی بقا کی جنگ" (American Crusade: Our Fight to Stay Free) میں ہیگستھ نے کہا ہے کہ، "'اسلام کا مطلب امن ہے' کا بیانیہ ایک سادہ لوح اور بزدلانہ عالمی نظریہ ہے"۔ اس نے مزید کہا کہ "اسلام پسندی دنیا میں آزادی کے لیے سب سے خطرناک خطرہ ہے۔ اس کے ساتھ نہ تو مذاکرات کیے جاسکتے ہیں، نہ اس کے ساتھ مل کر رہا جاسکتا ہے اور نہ ہی اسے سمجھا جاسکتا ہے، بلکہ اسے بے نقاب کرنا، حاشیے پر دھکیلنا اور کچلنا ضروری ہے"۔ اس کا کہنا ہے کہ "جس طرح بارہویں صدی میں عیسائی صلیبیوں نے مسلمان لشکروں کو پیچھے دھکیلا تھا، آج کے امریکی صلیبیوں کو بھی اسلام پسندوں کے خلاف اسی جرأت کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہوگی"۔ اسی کتاب کے ایک اور اقتباس میں ہیگستھ نے اسلام کے خلاف سخت گیر موقف اپناتے ہوئے کہا ہے کہ، "امریکی جتنی دیر تک اس خوش فہمی میں رہیں گے کہ اسلام ایک امن کا مذہب ہے، خاص طور پر جب یورپ اور امریکہ کی آبادیاتی صورتحال مسلسل بدل رہی ہے، ہمارا کام اتنا ہی مشکل ہوتا جائے گا"۔ اس کے مطابق "اسلام اپنی بنیاد سے ہی اپنے دشمنوں، یعنی تمام 'کفار'، کے ساتھ برسرِ پیکار ہے، اور یہ کبھی نہیں رکے گا"۔

2 مارچ 2026 کو ایک بیان میں ہیگستھ نے کہا کہ، "ایران جیسی جنونی حکومتیں جو نبوی اسلام پسندی کے وہم میں مبتلا ہیں، ان کے پاس ایٹمی ہتھیار نہیں ہو سکتے"۔ 19 مارچ 2026 کو چیئرمین جوائنٹ چیفس ایئر فورس جنرل ڈین کین کے ساتھ ایک پریس بریفنگ میں، ہیگستھ نے اعلان کیا کہ، "اسلام پسند دشمن کی نشاندہی کریں، چاہے وہ سنی ہوں یا شیعہ"۔ اور یہ تو محض شروعات ہے۔ خود صدر ٹرمپ بھی اس رجحان سے محفوظ نہیں ہیں۔ انہوں نے ایک ایسے وزیرِ جنگ کا تقرر کیا ہے جس کی اسلام کے خلاف دشمنی جانی پہچانی اور انتہا درجے کی ہے۔ 9 مارچ 2016 کو سی این این (CNN) پر ٹرمپ نے کہا تھا کہ، "میرا خیال ہے کہ اسلام ہم سے نفرت کرتا ہے۔ وہاں کچھ ایسا ہے کہ، وہاں ایک زبردست نفرت پائی جاتی ہے۔ وہاں ایک شدید نفرت ہے"۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ہمیں اس کی جڑ تک پہنچنا ہوگا۔ ہمارے خلاف وہاں ناقابلِ یقین حد تک نفرت موجود ہے"۔

ہرمجدون (Armageddon) کی جنگ، یا قیامت کی جنگ—ان کے عقیدے کے مطابق، ایک ایسی جنگ ہے جو یہودیوں کے خلاف لڑی جائے گی، جس میں 'کفار'، جس سے مراد یقیناً ہم ہیں، قتل کر دیے جائیں گے، مسجد اقصیٰ کو

شہید کر دیا جائے گا اور اس کے کھنڈرات پر ہیکل تعمیر کیا جائے گا، تاکہ مسیح کی واپسی کی راہ ہموار ہو سکے جو ایک ہزار سال تک مکمل انصاف کے ساتھ دنیا پر حکومت کریں گے۔ امریکہ کے اندر اور باہر اس طرزِ عمل کی مخالفت میں اٹھنے والی آوازوں، اور بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی قرار دے کر خود اس جنگ کی مخالفت کے باوجود، کچھ بھی نہیں بدلا ہے۔ جنگ بدستور پوری شدت سے جاری ہے اور وجودی خطرہ برقرار ہے۔

جی ہاں، اس جنگ کے بین الاقوامی اور علاقائی، دونوں طرح کے سیاسی مقاصد ہیں۔ اس کا مقصد ایران کی طاقت کو ختم کرنا اور اسے مکمل طور پر امریکی اثر و رسوخ کے تحت لانا ہے، تاکہ مشرق وسطیٰ میں امریکہ کے غلبے کو مضبوط کیا جا سکے اور اسے خطے کے تیل پر کنٹرول حاصل ہو جائے، جو دنیا پر حکمرانی کے اس کے منصوبے کو آسان بنا دے گا۔ اس کا مقصد یہودی وجود کو اس قابل بنانا بھی ہے کہ وہ امریکہ کے پولیس مین کے طور پر خطے پر اپنی بالادستی قائم کر سکے۔ یہ بذات خود ایک استعماری خطرہ ہے جس کا مقابلہ کرنا لازم ہے۔ تاہم، جو چیز بے مثال ہے وہ اس جنگ کی ایک بنیادی خصوصیت کے طور پر مذہبی عقائد (تھیولوجی) کا علم بلند کرنا ہے، جسے بعض تجزیہ کاروں نے صلیبی جنگ قرار دیا ہے۔

اسلام کے خلاف اس کھلی دشمنی نے، جو اس جنگ کا طرہ امتیاز رہی ہے، مسلمانوں میں یہ احساس پختہ کر دیا ہے کہ ان کے دین پر حملہ کیا جا رہا ہے، جس کے دفاع کے لیے ایک متحدہ محاذ بنانا ناگزیر ہو گیا ہے۔ ان موجودہ حکمرانوں کے پیچھے چھپنے سے نہ تو حملہ آور پیچھے ہٹے گا اور نہ ہی کوئی اپنی ذمہ داری سے بری الذمہ ہو سکے گا۔

اس لیے، فوجی کمانڈروں پر، بالخصوص جو اس خطے میں اور اس کے قرب و جوار میں موجود ہیں، اس امت اور اس کے عقیدے کے دفاع کی پہلی ڈھال کے طور پر یہ شرعی فریضہ ہے کہ وہ آگے بڑھیں اور ان موجودہ نظاموں کو ایک ایسے نظام سے بدل دیں جو امت کو ایک کر دے، اس کی کوششوں کو یکجا کرے، اور اس کے عقیدے اور مقدسات کی حفاظت کے لیے اس کی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائے، تاکہ ہرمجدون (Armageddon) کے نظریے کو باطل کیا جا سکے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿لِمِثْلِ هَذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ﴾ "ایسی ہی کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے" (سورۃ الصافات: 61)۔

چین غیر جانبدار نہیں ہے: سیاسی اسلام کو روکنے کے لیے ثالثی!

تحریر: استاد یوسف ارسلان

(ترجمہ)

جمعہ، 3 اپریل 2026 کو چینی وزارتِ خارجہ کی ترجمان ماؤ ننگ نے اعلان کیا کہ، "جب سے پاکستان اور افغانستان کے تنازع میں دوبارہ شدت آئی ہے، چین نے اپنے مخصوص انداز میں ثالثی کی کوششیں کی ہیں، متعدد ذرائع اور مختلف سطحوں پر دونوں فریقین کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھا ہے، اور دونوں فریقین کے درمیان بات چیت کے لیے حالات ساز گار بنائے اور پلیٹ فارم مہیا کیے ہیں۔ پاکستان اور افغانستان دونوں ہی چین کی ثالثی کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے اور اسے خوش آئند قرار دیتے ہیں اور دوبارہ بیٹھ کر بات چیت کرنے پر آمادہ ہیں۔ یہ ایک مثبت پیش رفت ہے۔ مشاورت کا عمل مستقل مزاجی کے ساتھ نافذ العمل اور آگے بڑھ رہا ہے۔ تینوں فریقین اس عمل سے متعلق مخصوص معاملات بشمول میڈیا رپورٹس پر مشترکہ فہم اور اتفاق رائے رکھتے ہیں"۔

افغانستان اور پاکستان کے درمیان حالیہ کشیدگی کا آغاز فروری 2026 کے آخر میں افغان سرزمین کے اندر پاکستانی فضائی حملوں اور دونوں اطراف سے الزامات کے تبادلے کے بعد ہوا۔ اسلام آباد کابل پر ٹی ٹی پی (TTP)، یعنی پاکستانی طالبان کو پناہ دینے کا الزام لگاتا ہے، جبکہ کابل ان الزامات کی تردید کرتا ہے۔ یہ جھڑپیں 2021 میں افغانستان میں

طالبان کی اقتدار میں واپسی کے بعد سے بدترین سرحدی کشیدگی کی عکاسی کرتی ہیں، جس نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان مشترکہ سرحد کو براہِ راست تصادم کے علاقے میں تبدیل کر دیا ہے۔

سطحی طور پر، چین خود کو ایک غیر جانبدار ثالث کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ ماؤ ننگ اور دیگر چینی سفارت کاروں نے بارہا یہ دعویٰ کیا ہے کہ بیجنگ کسی کی طرف داری کیے بغیر محض "مذاکرات کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے"۔ اس تاثر کو افغانستان کے اندر بھی بڑی احتیاط کے ساتھ فروغ دیا جا رہا ہے۔ کابل میں طالبان سے وابستہ میڈیا اور حکام چین کے "تعمیری اور دوستانہ کردار" کی بات کرتے ہیں اور اسے باہمی احترام کی علامت قرار دیتے ہیں۔ تاہم، جیو پولیٹیکل (جغرافیائی سیاسی) حقیقت یہ بتاتی ہے کہ چین غیر جانبدار نہیں ہے۔ بیجنگ کے اسلام آباد کے ساتھ تعلقات تاریخ، معیشت اور سلامتی میں گہرے پیوست ہیں، اور طالبان، چینی سرمایہ کاری کی ضرورت کے باعث، عملی طور پر بیجنگ کی کھینچی ہوئی سرخ لکیروں کی پاسداری کرتے ہیں۔ لہٰذا، اس کی ثالثی کوئی غیر جانبدارانہ سفارت کاری نہیں ہے، بلکہ یہ اپنے اہم مفادات کے تحفظ اور انتظام کا ایک آلہ ہے۔

خطے میں چین کے بنیادی مفادات، سب سے پہلے اور اہم ترین، سلامتی (سیکیورٹی) سے متعلق ہیں۔ وہ پاکستان اور افغانستان میں موجود اسلامی گروہوں کے بارے میں گہری تشویش رکھتا ہے۔ پاکستان میں چینی کارکنوں اور منصوبوں پر پاکستانی طالبان کے بار بار ہونے والے حملوں نے خطرے کی گھنٹیاں بجا دی ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ، افغانستان میں جہادی گروہوں کی موجودگی، بشمول ایغوروں کی ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ (ETIM)، چین کے لیے ایک براہِ راست خطرہ ہے، جو یہ نہیں چاہتا کہ افغان سرزمین ایغور جنگجوؤں کا نیا ٹھکانہ بنے۔ لہٰذا، حالیہ ثالثی امن کے قیام کی کسی حقیقی کوشش کے بجائے پاکستان کے تعاون سے ان گروہوں کو مشترکہ طور پر قابو کرنے کی کوشش زیادہ معلوم ہوتی ہے۔

سلامتی کے ان خدشات کے ساتھ ساتھ، چین پاکستان کے موقف کے عین مطابق سیاسی اسلام کے اثر و رسوخ کو روک کر اپنے اقتصادی اثر و رسوخ کو برقرار رکھنے اور وسعت دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ حالیہ کشیدگی براہِ راست پاک-چین اقتصادی راہداری (CPEC) کو نشانہ بناتی ہے، جو کہ 60 ارب ڈالر کا منصوبہ اور 'بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو' کا بنیادی ستون ہے۔ سرحدی جھڑپوں نے نہ صرف تجارت اور ٹرانزٹ روٹس (آمد و رفت کے راستوں) کو درہم برہم کیا ہے، بلکہ افغانستان تک سی پیک (CPEC) کی توسیع بشمول سونا، تانبا اور لیتھیم تک رسائی اور وسطی ایشیا کے لیے نئے راستے

کھولنے میں بھی تاخیر کر دی ہے۔ ثالثی کے ذریعے، چین بنیادی طور پر جنگ بندی قائم کرنے، سرحدی راستوں کو دوبارہ کھولنے اور اپنی سرمایہ کاری کو ان خطرات سے بچانے کی کوشش کر رہا ہے۔ یہ دوہرا نقطہ نظر یعنی پہلے روک تھام اور پھر معاشی توسیع، جنوبی ایشیا کو اپنے اہم حلقہ اثر میں تبدیل کرنے کے حوالے سے بیجنگ کی سٹریٹجک ترجیح کی عکاسی کرتا ہے۔

چین خطے میں امریکہ کی پالیسی سے بھی بخوبی آگاہ ہے۔ ان تناؤ کو ہوا دے کر یا ان سے فائدہ اٹھا کر، امریکہ پاکستان کی توجہ بھارت کے ساتھ اس کی بنیادی دشمنی سے ہٹا کر افغان میدان کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہے۔ اس منظر نامے کے مطابق، بھارت کو اپنی اقتصادی اور فوجی صلاحیتوں کو مضبوط کرنے کا زیادہ موقع ملے گا، جس سے وہ چین کے خلاف ایک مدمقابل قوت (کاؤنٹر ویٹ) کے طور پر کام کرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ چین نہیں چاہتا کہ خطہ ان امریکی اہداف کی طرف جائے، کیونکہ بھارت کی پوزیشن مضبوط ہونے سے بحر ہند اور جنوبی ایشیا میں چین کے سٹریٹجک اثر و رسوخ پر منفی اثر پڑے گا۔

نتیجتاً، چینی کمیونسٹ پارٹی کی پالیسی سیاسی اسلام کے خلاف ایک گہری اور اصولی دشمنی، اور خطے میں اس کے ابھار کے شدید خوف پر مبنی ہے۔ پارٹی اسلامی تحریکوں کو مشرقی ترکستان میں اپنے قائم شدہ کنٹرول اور یہاں تک کہ اپنے علاقائی قرب و جوار کے لیے بھی ایک وجودی خطرہ تصور کرتی ہے، اور اسے 'ایسٹ ترکستان اسلامک موومنٹ' (ایغور) جیسے گروہوں کا خوف ہے جو افغان سرزمین سے کارروائیاں شروع کر سکتے ہیں۔ پاکستان میں چینی منصوبوں پر پاکستانی طالبان کے حملوں نے سلامتی کے ان خدشات کو مزید تقویت دی ہے۔

